معلوماتی شیٹ ذرائع آمدن کے مطابق، کم از کم اجرتی معاونت

ذرائع آمدن کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت (BMS) ان فوائد کی جانب اشارہ کرتی ہے جو ان افراد کے جینے کی ضرورتوں اور روزی کو محفوظ بناتی ہے جو کسی ہنگامی معاشی صورتحال کی کیفیت میں ہوں اور اب اپنے ذاتی ذرائع (تنخواہ اور اثاثوں) سے زندگی گزارنے کی سکت نہیں رکھتے۔

اہلیت کے تقاضے

- کوئی تنخواہ نہیں یا تنخواہ بہت کم ہو
- کوئی اثاثے نہیں
- زیریں آسٹریا میں بنیادی رہائش
- آسٹریا میں مستقل رہائش کے مجاز
- جب تک کام کرنے کی کوئی عدم صلاحیت نہ ہو، کام کرنے پر آمادہ ہوں
- معاشرے کا حصہ بننے پر آمادگی (مثلاً جرمن اسباق اور تعارفی کورسز میں شرکت کرنا)
- متعلقہ دستاویزات کو پیش کرنا (منسلکہ 1 دیکھیں)

درخواست بنام

- ضلعی انتظامیہ یا مجسٹریٹ
- رہائش کا مقامی محکمہ

فیصلے کے ذمہ دار

- ضلعی انتظامیہ یا میجسٹریٹ

فوائد

- رقم یا تخمینہ کردہ کم از کم تقاضوں کی صورت میں ادائیگی (دیکھیں منسلکہ 2)
- ان افراد کیلئے معاشرے کا حصہ بننے کے کم از کم تقاضوں کا اطلاق ہوتا ہے جو گزشتہ چھ سال کے اندر اندر آسٹریا میں پانچ سال سے کم کیلئے رہائش پذیر رہے ہیں (دیکھیں منسلکہ 3)۔
- ان تمام لوگوں کیلئے جو ایک ہی گھر یا مشترکہ رہائش گاہ میں رہتے ہوں کم از کم تقاضوں کا میزان عموماً €1500 کی کل رقم پر محدود ہوتا ہے۔
- قانونی طبی انشورنس کیلئے حصوں کی ادائیگی
- ورک فورس میں دوبارہ داخل ہونے والے افراد کیلئے بونس

طبی انشورنس کیلئے ادائیگی / درخواست

- کسی قومی کرنٹ اکاؤنٹ میں بلا امتیاز ادائیگی
- فوائد کو مہینے کے اختتام پر منتقل کیا جاتا ہے
- زیریں آسٹریا کی سوشل انشورنسز سے بیمہ کاری کیلئے حکام محض درخواست گزار کو ہی براہِ راست رجسٹر کر سکتے ہیں۔

➔ درخواست گزار پر انحصار کرنے والوں کیلئے، زیریں آسٹریا کی سوشل انشورنسز میں باہمی انشورنس کیلئے ایک درخواست جمع کرائی جانی پڑے گی (اس کیلئے ڈالے جانے والے حصوں کی ادائیگی پھر بھی ذرائع آمدن کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت کے دائرہ کار کے اندر رہتے ہوئے کی جائے گی)۔

ذمہ داریاں

- مجاز ہونے کی صورتوں میں کی جانے والی کوئی سی بھی تبدیلیوں کی دو ہفتوں کے اندر اندر ضلعی انتظامیہ یا میجسٹریٹ کو مواصلت کرنا ہو گی۔

  مثال کے طور پر:
  - تنخواہ یا اثاثوں میں تبدیلیاں
  - زندگی گزارنے یا خاندانی انتظامات میں تبدیلیاں
  - آسٹریا میں قانونی رہائش پذیریت میں تبدیلیاں
  - فائدہ دینے والی ملازمت اختیار کرنا
  - کسی ہسپتال یا علاج کے ادارے میں قیام
  - دو ہفتوں سے زائد تک برقرار رہنے والی دیگر چھٹیاں
- فریقینِ ثالث کی جانب سے کیے جانے والے دعووں پر عملدرآمد (مثلاً نان نفقے یا بحالی، بیماری کے وظائف)
- کام کیلئے خلوص
- جرمن زبان کا محدود علم رکھنے کی صورت میں جرمن اسباق میں شرکت یا پھر جاب مارکیٹ میں مواقع، کام کرنے کی صلاحیت یا معاشرتی استحکام بڑھانے کے دیگر طریقے (مثلاً خیراتی سماجی کام)۔
- جو لوگ گزشتہ 6 سال کے اندر اندر آسٹریا میں 5 سال سے کم کیلئے رہائش پذیر ہوں ان کیلئے کم از کم 8 گھنٹوں پر مشتمل اقدار اور تعارف کے کورس میں شرکت۔
- جو لوگ گزشتہ 6 سال سے آسٹریا میں 5 سال سے کم کیلئے رہائش پذیر ہوں ان کیلئے درجہ A2 تک اور اس کو شامل کرتے ہوئے جرمن زبان کے علم کا حصول۔
- جو لوگ گزشتہ 6 سال سے آسٹریا میں 5 سال سے کم کیلئے رہائش پذیر ہوں ان کیلئے معاشرے کا حصہ بننے کے ایک معاہدے کی تکمیل۔

مستردگی / کمی / معطلی

جو لوگ کام کرنے سے انکار کرتے ہیں، جو معاشرے کا حصہ بننے (جرمن اسباق، اقدار اور تعارف کے کورسز اور سماجی کام)، عوامی ملازمتی سروس کے کورسز میں شرکت نہیں کرتے یا ایسی سرگرمیوں سے بتائی گئی وجہ کے بغیر غیر حاضری کی صورتوں میں، ذرائع آمدن کے معیارات کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت کیلئے درخواست کو مسترد کر دیا جائے گا۔ موجودہ فوائد کو کم یا منسوخ کر دیا جائے گا۔

ری فنڈز یا واپسی، رقم کی واپسیاں اور دیگر سزائیں

مندرجہ ذیل صورتوں میں فوائد کی واپس ادائیگی کی جانی پڑے گی اور ایک سزا کا اطلاق ہو سکتا ہے:

- حکام کو تبدیلیوں کے متعلق آگاہ کرنے کی ذمہ داری کی خلاف ورزی
- غلط معلومات یا متعلقہ معلومات کو افشا نہ کرنا
- قابلِ استعمال اثاثوں (مثلاً وراثت) کا بعد میں حصول
- کسی وصول کنندہ کی جانب سے ازالہ

فائدہ مند ملازمت اختیار کرنے کیلئے جاب مارکیٹ بونس میں دوبارہ داخل ہونا

جاب مارکیٹ بونس میں دوبارہ داخل ہونے کا اطلاق ان لوگوں پر ہو سکتا ہے جنہوں نے کم از کم 6 ماہ کیلئے بلا مداخلت ذرائع آمدن کے معیارات کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت کے فوائد حاصل کیے ہوں اور جنہوں نے ملازمت اختیار کر لی ہو (خواہ معمولی طور پر ہی ہو)۔

<u>درخواست اور مقررہ حد</u>

درخواست دینے کیلئے مندرجہ ذیل دو اقدامات لازمی ہیں:

1. جب فائدہ مند ملازمت اختیار کر رہے ہوں، یعنی جب نوکری شروع ہو، تو متعلقہ ضلعی انتظامیہ یا مجسٹریٹ کو دو ہفتوں کے اندر اندر مطلع کیا جانا پڑے گا۔
2. فائدہ مند ملازمت اختیار کرنے بعد یعنی جب نوکری شروع ہو اس کے زیادہ سے زیادہ 4 ہفتوں میں، جاب مارکیٹ بونس میں دوبارہ داخل ہونے کیلئے کسی درخواست کو یا تو زبانی طور پر یا پھر تحریری طور پر متعلقہ ضلعی انتظامیہ یا مجسٹریٹ کو جمع کرانا پڑے گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ

<u>رقم:</u>

جاب مارکیٹ میں دوبارہ داخلے کی رقم کل آمدن (زیادہ سے زیادہ) کے ایک تہائی سے مناسبت رکھتی ہے۔ اگر کل آمدن اور بونس واحد افراد کیلئے کم از کم معیار کے 140% (2017 ;1182.24€) سے بڑھتا ہو، تو جاب مارکیٹ میں دوبارہ داخلے کے بونس کو اسی مناسبت سے گھٹا دیا جائے گا۔

بونس کو زیادہ سے زیادہ 12 ماہ کیلئے عطا کیا جاتا ہے۔ عارضی ملازمت کی صورت میں، بونس ملازمت کے دورانیے کی مناسبت سے عطا کیا جائے گا۔

ضمیمہ 1:

دستاویزات جنہیں فراہم کیا جانا ہے:

1: ذاتی تفصیلات

- سرکاری شناختی دستاویز
- پیدائش کا سرٹیفیکیٹ
- شہریت کا ثبوت
- EEA شہریوں کیلئے: غیر ملکی پولیس رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ
- غیر EEA شہریوں کیلئے: رہائش کا پرمٹ، سیاسی پناہ کی اطلاع
- پاور آف اٹارنی (سرپرستی کا فیصلہ، حصول، وغیرہ۔)
- طلاق کا حکم نامہ اور تصفیے کی نقل (دونوں جائز رہنے کی معیاد کی اطلاع کے ساتھ)

2. آمدن اور اثاثوں کی تفصیلات:

<u>2.1 آمدن اور دیکھ بھال کے وظیفے کی تفصیلات:</u>

- گزشتہ 3 ماہ کیلئے مزدوری یا تنخواہ کی سرٹفیکیٹ یا آمدن کی تصدیق (معمولی ملازمت کیلئے بھی)
- عوامی ملازمتی سروس کی تحریری تصدیق
- PVA (پنشن انشورنس)، SVA (سوشل انشورنس)، ÖBB (آسٹرین ریلویز)، VAEB (آسٹرین ریلویز انشورنس انسٹیٹیوشن/ادارہ)، BVA (پبلک سروس انشورسنس کارپوریشن)، غیر ملکی پنشنز، وغیرہ) کی جانب سے تحریری تصدیق۔
- بیماری کے مالی معاونت کی تصدیق
- مادرانہ وظیفے / بچے کی نگہداشت (کی معاونت) کے وظیفے کی تصدیق
- پنشن کی پیشگی ادائیگی کی تصدیق
- حادثات کی صورت میں مالیاتی فوائد کی تصدیق
- نان نفقے یا بحالی / خوراک کی سبسڈی کے دعؤوں کا ثبوت
- کرائے اور / یا لیز ہولڈ کے معاہدے
- آمدن کے ثبوت کی دیگر اقسام (زندگی کا سالانہ وظیفہ، وغیرہ وغیرہ)
- دیکھ بھال کے وظیفے کی اطلاع
- گزشتہ 3 ماہ کیلئے آمدن اور اخراجات کی تفصیلی سٹیٹمنٹس یا فہرست

<u>2.2 اثاثوں کے متعلق معلومات</u>

- <u>بینک سٹیٹمنٹس (درخواست گزاری کی تاریخ سے تین ماہ قبل کی)</u>
- <u>انشورنس پالیسیز (جنازے کا انشورنس منصوبہ، لائف انشورنس، وغیرہ وغیرہ)</u>
- <u>سیونگز بکس/کتاب</u>
- <u>بلڈنگ لون کے معاہدات</u>
- <u>سٹاکس اور بانڈز</u>

- فنڈز
- گاڑیاں (کار، لاری، ٹریکٹر، وغیرہ۔)
- دیگر اثاثے (نقد اثاثے وغیرہ۔)
- لینڈ رجسٹر سے اقتباس

اہم نوٹس:

معاونت کا طلب گار کسی بھی شخص فریقینِ ثالث (والدین، ازواج، وغیرہ۔) کی جانب دعوے کرنے کا ذمہ دار ہے اور اس بات کا بھی کہ ان فریقین پر قانونی طور پر رقم کا دعویٰ کرنے کی کوشش کرے تاوقتیکہ یہ کاروائی ظاہری طور پر ہی بے سود اور ناممکن نہ ہو، یہ فرض کرتے ہوئے کہ اگر فریقینِ ثالث ادائیگی کے ایسے تقاضوں کو پورا کر دیتے ہیں، تو ذرائع آمدن کے معیارات کے مطابق اجرتی معاونت ادا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی، یا کم از کم عام حد جتنی نہیں ہوتی۔

3. مندرجہ ذیل دستاویزات کو بھی فراہم کیے جانے کی ضرورت ہے:

3.1۔ مزید ثبوت:

- بطور نوکری کے طلبگار کے رجسٹریشن کی تصدیق
- آسٹرین لیبر مارکیٹ بورڈ کی جانب سے نگرانی کا معاہدہ
- آسٹرین لیبر مارکیٹ بورڈ کی جانب سے مالی فوائد کے مسترد کیے جانے کا نوٹس
- پنشن کی درخواست کی دستاویزات
- نان نفقے یا بحالی کی درخواست کی دستاویزات
- ڈاکٹر کی دستاویزات اور صلاحیتِ کار کے نتائج
- معاشرتی استحکام کیلئے طریقہ ہائے کار کا ثبوت (جرمن اسباق، وغیرہ)
- سکول کی حاضری کیلئے تحریری تصدیق

3.2۔ کرائے کیلئے گھر کے اخراجات

- کرائے کا معاہدہ/اشتراکی تنظیم کا معاہدہ
- موجودہ کرائے اور موجودہ قیمتوں کیلئے فراہم کاریاں
- موجودہ کرائے کیلئے ادائیگی کی تصدیق
- رہائش کے فوائد کی تفصیلات

3.3۔ اپنے گھر میں جاری اخراجات کا ثبوت:

- بلڈنگ انشورنس (پالیسی)
- چمنی کی صفائی کا بل
- کوڑے کی تلفی کا بل
- سماجی اخراجات (پانی/سیوریج)

ضمیمہ 2

کم از کم معیارات 2017:

ذرائع آمدن کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت – کرائے کیلئے کم از کم معیارات برائے 2017			
افراد کا زمرہ	**جینے کا خرچ**	**رہائش میں معاونت**	**میزان**
واحد فرد/اکیلا والد یا والدہ 100%	€633.35	€211.11	€844.46
ایک گھر میں رہنے والا **جوڑا/ہم مسکن جوڑا** 150%	€950.02	€316.68	€1266.70
مشترکہ گھر میں رہنے والا **قانوناً بالغ فرد**	€ 475.01	€158.34	€633.35
تیسرا بڑا یا **مشترکہ گھر** میں رہائش پذیر نوبالغ فرد اور جو مشترکہ گھر میں ایک اور فرد کی جانب سے **نان نفقے یا بحالی** کا مجاز ہو 50%	€316.67	€105.56	€422.23
خاندانی وظیفے میں حق رکھنے والا **نا بالغ** فرد 23%	€145.67	€48.56	€194.23

ذرائع آمدن کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت – جائیداد کیلئے کم از کم معیارات برائے 2017			
افراد کا زمرہ	**جینے کا خرچ**	**رہائش میں معاونت**	**میزان**
واحد شخص/ اکیلا والد یا والدہ 100%	€633.35	€105.56	€738.91
ایک ہی رہائش میں رہنے والا **جوڑا/ہم مسکن جوڑا** 150%	€950.02	€158.34	€1108.36
مشترکہ گھر میں رہائش پذیر قانوناً بالغ شخص 75%	€475.01	€79.17	€554.18
تیسرا بڑا یا **مشترکہ گھر** میں رہائش پذیر نوبالغ فرد اور جو مشترکہ گھر میں ایک اور فرد کی جانب سے **نان نفقے یا بحالی** کا مجاز ہو 50%	€316.67	€52.78	€369.45
خاندانی وظیفے میں حق رکھنے والا **نا بالغ** فرد 23%	€145.67	€24.28	€169.95

رہائشی اداروں میں معاونت کے طلبگار افراد کی ذاتی ضروریات پورا کرنے کیلئے ذرائع آمدن کے مطابق کم از کم اجرتی معاونت کی بنیادی شرح (x13)	€67.87

ان تمام لوگوں کیلئے کم از کم معیار کا میزان جو ایک گھر میں اکٹھے یا مشترکہ رہائش گاہ میں رہتے ہوں **€1500 کی رقم تک محدود ہے۔**

استثناء: ان افراد کیلئے کم از کم معیارات کو کم نہیں کرنا جو دیکھ بھال کا وظیفہ یا بڑھایا ہوا خاندانی وظیفہ وصول کرتے ہوں یا جو مسسلسل کام کرنے سے قاصر ہوں۔

ضمیمہ 3

کم از کم معیارات - معاشرے کا حصہ بننا:

کم از کم معیارات – معاشرے کا حصہ بننا			
افراد کا زمرہ	**جینے کا خرچہ**	**رہائش میں معاونت**	**میزان**
اکیلا والد/والدہ، فی شخص	€522.50	€300.00	€822.50
قانوناً بالغ افراد جو اکیلے یا **کسی اور** قانونی عمر کے شخص کے ساتھ اسی گھر میں رہتے ہوں، فی شخص	€422.50	€150.00	€572.50
مشترکہ گھر میں **تیسرا** اور مزید بالغ شخص، فی فرد	€422.50	-	€422.50

ان **پہلے تین نا بالغ افراد** کیلئے جو **کسی ایسے اکیلے والد یا والدہ** کے ساتھ رہتے ہیں **جو کم از کم معیار – معاشرے کا حصہ بننا وصول کرتے ہوں**، فی شخص	€179.17	-	€179.17
برائے **نا بالغ افراد**، فی شخص	€129.17	-	€129.17

ان تمام لوگوں کیلئے کم از کم معیار کا میزان جو ایک گھر میں اکٹھے یا مشترکہ رہائش گاہ میں رہتے ہوں **€1500 کی رقم تک محدود ہے۔**

استثناء: ان افراد کیلئے کم از کم معیارات کو کم نہیں کرنا جو دیکھ بھال کا وظیفہ یا بڑھایا ہوا خاندانی وظیفہ وصول کرتے ہوں یا جو مسلسل کام کرنے سے قاصر ہوں۔